BRAMPTON **Service and Information Update**

پروفیسرز لیک، ایلڈوراڈو پارک کا بیرونی پول اور ویڈنگ پولز 14 جولائی سے دوبارہ کھل رہے ہیں

برامپٹن، آن (10 جولائی 2020) – سٹی آف برامپٹن کے دوبارہ کھلنے اور بحالی کے منصوبے کے حصے کے طور پر، پروفیسرز لیک، ایلڈوراڈو پارک کا بیرونی پول اور ویڈنگ پولز 14 جولائی سے دوبارہ کھل رہے ہیں۔

سٹی کمیونٹی کی صحت و سلامتی کو بہت سنجیدگی سے لیتا ہے، لہٰذا حفاظتی اقدامات زیر نفاذ ہوں گے۔

پروفیسرز لیک

اگر موسم نے اجازت دی اور ریجن آف پیل کی جانب سے کیے جانے والے پانی کے معیار کے ٹیسٹوں کے نتائج درست آئے، تو پروفیسرز لیک 14 جولائی کو کھل جائے گی۔ سیاحوں کو ساحل پر آنے کے لیے 13 جولائی سے شروع کرتے ہوئے 905.874.2350 پر کال کر کے تین گھنٹے کا وقت کا دورانیہ مختص کروانا ہو گا۔ بوٹ ہاؤس تاحکم ثانی بند رہے گا۔

درج ذیل حفاظتی اقدامات موجود ہوں گے۔

- انفرادی/گروپ میں استعمال کے لیے ساحل کی جسمانی فاصلے والی جگھوں کا تعین کرنے کے لیے نشانات لگائے جائیں گے۔ ساحل کی تمام جگہیں دو میٹر (چھ فٹ) کے فاصلے پر ہیں۔
- سیاحوں کو ساحل پر اپنی مختص شدہ جگھوں کی جانب رہنمائی دینے اور جسمانی فاصلہ بندی کی نگرانی کرنے کے لیے عملہ موجود ہو گا۔
- رہائشیوں کو پابندیوں اور ہدایات کے متعلق آگاہ کرنے اور ٹریفک کے درست بہاؤ کو یقینی بنانے کے لیے کووِڈ-19 کے نشانات لگائے جائیں گے۔
- پوری سہولت گاہ میں اور ساحل کی جگہ پر ہینڈ سینیٹائزر یونٹس نصب کی جائیں گی۔ لابی، بیچ لابی، بیت الخلاؤں اور پیٹیو میں کثرت سے چھوئی جانے والی جگھوں کو کثرت سے جراثیم سے پاک کیا جائے گا۔
- کپڑے تبدیل کرنے کی جگہ کی سہولیات موقع پر موجود نہیں ہوں گی اور رہائشیوں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ساحل پر اپنے دن کے لیے اس دن کے کپڑے پہن کر آئیں۔

ایلڈوراڈو پارک کا بیرونی پول

ایلڈوراڈو پارک کا بیرونی پول، اگر موسم نے اجازت دی اور پول کا درجہ حرارت درست ہوا، تو 14 جولائی کو کھلے گا۔

درج ذیل حفاظتی اقدامات موجود ہوں گے۔

- پوری سہولت گاہ میں کووڈ-19 کے نشانات کو پوری سہولت گاہ میں لگایا جائے گا اور پوری سہولت گاہ میں چھوئے جانے کی تمام جگھوں کو باقاعدگی سے جراثیم سے پاک کیا جائے گا۔
- تیرنے والی چیزوں اور پول کے کھلونوں کو عارضی طور پر ہٹا دیا جائے گا اور شرکاء کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ضروری آلات ساتھ لائیں، مثلاً فلٹر بورڈز، فلپرز اور گاگلز۔ سیاحوں کو درخواست کرنے پر لائف جیکٹس تک رسائی حاصل ہو گی۔
- کپڑے تبدیل کرنے کی جگہ کی سہولیات موقع پر موجود نہیں ہوں گی اور سیاحوں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ پول میں اپنے دن کے لیے اس دن کے کپڑے پہن کر آئیں۔
- جسمانی فاصلہ بندی کی حوصلہ افزائی کے لیے تمام دستیاب بیت الخلاؤں میں دیگر تمام سنک اور واش روم اسٹالز بند ہوں گے۔

ویڈنگ پولز

اگر موسم نے اجازت دی، تو ویڈنگ پولز 14 جولائی سے عوام کے لیے کھلے ہوں گے۔ سٹی تین ویڈنگ پولز چلاتا ہے، جو گیج پارک، چنگواکوسی پارک اور بیلمورل ریکریئیشن سنٹر میں واقع ہیں۔ رہائشیوں کو پابندیوں اور ہدایات کے متعلق آگاہ کرنے کے لیے کووِڈ-19 کے

نشانات لگائے جائیں گے۔ عملہ رہائشیوں کو پانی کے متعلق ہدایات اور جسمانی فاصلہ بندی کے اقدامات کی یاددہانی کروانے کے لیے موجود ہو گا۔

یاددہانی – سپرے پیڈ کے اوقات کار میں توسیع کر دی گئی ہے

اسپرے پیڈز کے اوقات کار کو بڑھا دیا گیا ہے۔ سپرے پیڈز اب صبح 10 تا رات 8 تک کھلنے کی بجائے صبح 9 تا رات 9 بجے تک کھلے ہوتے ہیں۔ سپرے پیڈز کے مقامات کی فہرست کے لیے www.brampton.ca/recreation ملاحظہ فرمائیں۔

کرونا وائرس (کووِڈ-19) کے لیے حفاظتی اقدامات

پیل پبلک ہیلتھ کووِڈ-19 پر قابو پانے کے لیے تمام لوگوں کو چار بنیادی اقدامات کی سفارش کرتے اور یاددہانی کرواتے ہیں۔

.1 دور رہیں: اپنے محفوظ سماجی دائرے سے باہر تمام لوگوں سے 2 میٹر کا فاصلہ رکھیں۔

.2 ہاتھ دھوئیں: اپنے ہاتھوں کو صابن کے ساتھ بکثرت دھوئیں یا ہینڈ سینیٹائزر استعمال کریں۔

:3 ماسک پہنیں: جہاں جسمانی فاصلہ رکھنا برقرار رکھنا مشکل ہو اور جہاں ماسک لازمی ہیں، وہاں نان میڈیکل ماسک پہنیں۔ نگہداشت صحت کے کارکنان کے لیے طبی درجے کے ماسکس کی فراہمی کی حفاظت کریں۔

:4 ٹیسٹ کروائیں: اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو کووِڈ-19 کی علامات ہو سکتی ہیں یا آپ کو اس کا سامنا ہو چکا ہے، تو آپ کو ٹیسٹ کروانا چاہیے۔ ٹیسٹ کے نتائج کا انتظار کرتے ہوئے، گھر پر رہیں، خود کو علیحدہ کر لیں اور ممکنہ پھیلاؤ کو روکیں۔

براہ کرم اگر آپ طبیعت ناساز محسوس کر رہے ہیں، تو پروفیسرز لیک، ایلڈوراڈو کے بیرونی سومنگ پول یا ویڈنگ پولز پر نہ آئیں۔

ایک نئے عارضی ضمني قانون کے تحت، بروز جمعہ، 10 جولائی سے شروع کرتے ہوئے، کورونا وائرس (کووڈ-19) کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے نان میڈیکل ماسک یا چہرے ڈھانپنے کی چیزیں برامپٹن میں تمام اندرونی جگہوں پر لازمی ہوں گی۔

-30-

میڈیا کنٹیکٹ
مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca